بھوٹان کے خارجہ سکریٹری کا بھارت دورہ

ستمبر 29، 2025

بھارت کے خارجہ سکریٹری جناب وکرم مسری نے آج بھوٹان کی خارجہ سکریٹری آوم پیما چوڈن کے ساتھ مشاورتی میٹنگ کی.

2. دونوں ممالک کے خارجہ سکریٹریوں نے باہمی روابط کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور تعاون کے تمام اہم شعبوں میں حاصل ہونے والی پیش رفت کو نوٹ کیا. بالخصوص، انہوں نے 1020 میگاواٹ پُناکھاچھھو-II پن بجلی منصوبے کے تمام چھ یونٹس کے کامیاب افتتاح کا خیرمقدم کیا جو توانائی کے حوالے سے بھارت-بھوٹان مشترکہ وژن کی تکمیل میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے.

3. انہوں نے بھوٹان کے 13ویں پنج سالہ منصوبے کے تحت حکومتِ ہند کی معاونت سے جاری ترقیاتی منصوبوں اور باہمی اقدامات پر طمانیت کا اظہار کیا، جس میں لگاتار پیش رفت ہو رہی ہے اور بھوٹان کے لوگوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے.

4. اس دورے کے دوران، بھارت اور بھوٹان کے درمیان ریلوے کنیکیٹوٹی کے قیام کے لیے ایک بین الحکومتی مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے. اس مفاہمتی یادداشت میں پہلے سرحدی ریلوے رابطوں کے قیام کا خاکہ پیش کیا گیا ہے، جو کوکراجھڑ اور گیلےفُو، اور بانارہٹ اور سامٹسے کو آپس میں جوڑیں گے. یہ منصوبے دونوں ممالک کے درمیان رابطے کو بڑھانے کی ہماری وسیع تر کاوشوں کا حصہ ہیں اور اس سے اقتصادی و عوامی تعلقات مضبوط ہوں گے.

نئی دہلی
ستمبر 29، 2025